06-10-2022 54cm x 4cols.

SEARLE

دی سرل کمپنی لمیٹڈ

اطلاع برائے ۵۷واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سرل کمپنی لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کے شیئر ہولڈرز کا ۵۷واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعہ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۲ء شام ۴:۳۰ بجے وڈیو لنک سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

عمومی کارروائی

۱۔ ۲۸ جون ۲۰۲۱ء کو منعقد کئے گئے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور انڈیپینڈنٹ آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

۳۔ آئندہ سال کے لئے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس سبکدوش ہو رہے ہیں اور اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کر رہے ہیں۔

خصوصی کارروائی

۴۔ ہر ایک موجودہ ۱۰۰ شیئرز کے لئے ۲۵ شیئر کے تناسب یعنی ۲۵ فیصد میں بونس شیئرز کے اجراء کی منظوری، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے، اور اگر درست تصور کیا جائے تو اس سلسلے میں درج ذیل قراردادوں کو عمومی قرارداد کے طور پر ترمیم یا بلاترمیم منظور کرنا:

''**قرار پایا** کہ کمپنی کے غیر مختص شدہ منافع جات کے علاوہ ۷،۱۳۱،۷۸۰ پاکستانی روپے کی ایک رقم کی سرمایہ کاری کی جائے اور اس رقم کو ہر ایک ۱۰ پاکستانی روپے مالیت کے ۷،۱۳،۱۷۰، ۷۸ عمومی شیئرز کے اجراء کے ضمن میں استعمال کیا جائے اور ان شیئرز کو ان ممبران کیلئے مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کے طور پر الاٹ کر دیا جائے جو ۱۲ اکتوبر ۲۰۲۲ء کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کی بکس میں رجسٹرڈ ہوں۔ یہ شیئرز ان ممبران کو موجودہ ہر ۱۰۰ عمومی شیئرز کے لئے ۲۵ شیئرز کے تناسب میں الاٹ کئے جائیں گے اور یہ نئے شیئرز ہر لحاظ سے موجودہ عمومی شیئرز کے مساوی ہوں گے۔

مزید قرار پایا کہ کسی بھی ممبر کے شیئر کے کسری تناسب میں استحقاق کا حامل ہونے کی صورت میں ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا دیا جاتا ہے کہ وہ ایسے کسری تناسب کو اکٹھا کریں اور شیئرز کے اس مجموعے کو اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کر کے اس سے حاصل شدہ رقم کو کسی بھی ایسے تسلیم شدہ امدادی ادارے میں عطیہ کر دیں جسے کمپنی کے ڈائریکٹرز کی جانب سے منتخب کیا گیا ہو۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بونس شیئرز کی الاٹمنٹ اور تقسیم کے سلسلے میں کمپنی کی جانب سے ایسے تمام ضروری اقدامات کریں جن کو وہ ضروری تصور کرتے ہوں۔''

۵۔ کمپنی کے مجاز شیئر سرمائے میں ۴،۰ بلین پاک روپے سے اضافہ کر کے ۶،۰ بلین پاک روپے تک بڑھانا جو ہر ۱۰ روپے مالیت کے ۶۰۰،۰۰۰،۰۰۰ عمومی شیئرز میں منقسم ہو اور درج ذیل قرارداد پر خصوصی قرارداد وخوض کرنے اور درست پایا جائے تو ان کی منظوری:

''**قرار پایا** کہ کمپنی کا مجاز شیئر کیپٹل بڑھایا جائے اور بذریعہ ہٰذا اسے ۶۰۰،۰۰۰،۰۰۰، ۶ بلین پاک روپے منقسم ہر ایک ۱۰ روپے مالیت کے ۶۰۰،۰۰۰،۰۰۰ عمومی شیئرز سے بڑھا کر ۶،۰۰،۰۰۰،۰۰۰ بلین پاک روپے منقسم ہر ایک ۱۰ روپے مالیت کے ۶۰۰،۰۰۰،۰۰۰ عمومی شیئرز میں ۱۲۰۰،۰۰۰،۰۰۰ اضافی عمومی شیئرز کی تشکیل ہر ایک ۱۰ روپے مالیت کے ذریعے کر دیا جائے اور وہ شیئرز ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ عمومی شیئرز کے مساوی ہونگے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے اور بذریعہ ہٰذا مجاز کیپٹل شیئرز میں اضافے کیلئے ترمیم کی جاتی ہے اور اسے درج ذیل کے مطابق پڑھا جائے۔

- میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V ''کمپنی کے مجاز کیپٹل ۶،۰۰،۰۰۰،۰۰۰ پاک روپے ہے جو ہر ایک ۱۰ روپے مالیت کے ۶۰۰،۰۰۰،۰۰۰ عمومی شیئرز میں منقسم ہے۔''
- آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 3 ''کمپنی کا مجاز کیپٹل ۶،۰۰،۰۰۰،۰۰۰ پاک روپے ہے جو ہر ایک ۱۰ روپے مالیت کے ۶۰۰،۰۰۰،۰۰۰ عمومی شیئرز میں منقسم ہے۔''

مزید قرار پایا کہ جناب زبیر رزاق پال والا کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد پر عملدرآمد کے سلسلے میں تمام ضروری اقدامات، معاہدے اور کارروائیاں انجام دیں یا تمام قانونی کارروائیاں انجام دینے کیلئے تمام ضروری اقدام بروئے کار لائیں اور تمام لازمی دستاویزات داخل کریں جیسا بھی لازم ہوں یا اتفاقی طور پر ان کی ضرورت درپیش آئے۔''

۶۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر کے معاوضے کا تعین اور اگر درست تصور کیا جائے تو درج ذیل قراردادوں کو بطور عمومی قرارداد ترمیم یا بلاترمیم منظور کرنا:

''**قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایک کل وقتی ورکنگ ڈائریکٹر کو ۱۵۵ ملین پاک روپے تک معاوضے کی ادائیگی کی جائے گی جس میں ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے ان ملازمت کی شرائط کے مطابق الاؤنسز اور دیگر مراعات شامل ہیں، اور بذریعہ ہٰذا اس کی منظوری دی جاتی ہے۔ مزید برآں چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کمپنی کی مینیجڈ کردہ ٹرانسپورٹ دفتری امور اور نجی مقاصد کے لئے مفت استعمال کا استحقاق رکھتے ہیں جیسا کہ بورڈ کی جانب سے منظوری دی گئی ہے۔''

۷۔ ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے درج ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلاترمیم منظوری کے ذریعے متعلقہ پارٹیز کے ساتھ انجام دی گئی معاملات کی توثیق اور اس کی منظوری:

''**قرار پایا** کہ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ انجام دی جانے والی معاملات، جیسا کہ ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے غیر مجموعی مالیاتی حسابات کے نوٹ ۴۲ میں واضح کر دیا گیا ہے اور کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴ (۳) کے تحت ضروری معلومات کے بیان میں درج ہے، اس کی توثیق کی جائے اور بذریعہ ہٰذا اس کی توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔''

۸۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو درج ذیل خصوصی قرارداد کو ترمیم یا بلاترمیم منظور کرنے کے ذریعے ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی جانے والی معاملت کی منظوری کا اختیار دیا جائے:

''**قرار پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک کی مدت کیلئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کیس۔ ٹو۔ کیس کی بنیاد پر تمام تر معاملت کی منظوری دیں۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ کی جانب سے ان معاملت کو شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظور شدہ تصور کیا جائے گا اور ان کی باقاعدہ توثیق اور منظوری کے لئے آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے روبرو پیش کیا جائے گا۔''

دیگر کارروائی

۹۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

''کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴ (۳) کے تحت خصوصی کارروائی پر مشتمل ضروری حقائق کا بیان ممبران کو اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ ارسال کیا جا رہا ہے اور ہماری ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔''

حسب الحکم بورڈ

زبیر رزاق پال والا

ڈائریکٹر اینڈ کمپنی سیکریٹری

کراچی:

۷ اکتوبر ۲۰۲۲ء

نوٹ:

اے۔ بذریعہ وڈیو لنک سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی سہولت

کمپنی کا ارادہ ہے کہ سالانہ اجلاس عام بذریعہ وڈیو لنک سہولت زیر انتظام تیسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر 1، بلاک 7 اور 8، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں اپنے اسٹیک ہولڈرز کی سیفٹی اور تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے منعقد کی جائے۔ وڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے اجلاس ملک میں موجودہ میکرو اکنامک صورتحال اور سیلاب کے باعث نقصانات و بدحالی اور کراچی میں ڈینگی بخار کی وبائی صورتحال کے پیش نظر کمپنی کی جانب سے کئے گئے حفاظتی و سہل ترین اقدامات کے تحت کیا جا رہا ہے۔ ان تمام صورتحال کے باعث کمپنی نے پلان کیا ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام کو الیکٹرونکی طریقہ کار کے ذریعے منعقد کیا جائے اور اسٹیک ہولڈرز کے تحفظ اور دیکھ بھال پر کوئی مفاہمت نہ کی جائے اور ممبران کی بڑی تعداد کو ملک بھر میں رہائش کی اجازت دی جائے۔ اس تذکرے کی کی ضرورت کے بغیر کہ کورونا ایس او پیز اب وسیع بنیاد پر موجودہ حالات میں غیر ضروری ہیں اور ان پر عمل اب کمپنی کے مذکورہ بالا مسائل کا حصہ نہیں ہیں۔

ایسے شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاسِ عام میں ورچوئل شرکت کے خواہشمند ہوں ان کو بذریعہ ہٰذا ہدایت کی جاتی ہے کہ درج ذیل معلومات بذریعہ ای میل muhammad.suleman@searlecompany.com پر فوری طور پر زیادہ سے زیادہ سالانہ اجلاسِ عام کے مقررہ وقت سے ۴۸ گھنٹے قبل یعنی ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۲ء شام ۴:۳۰ بجے سے قبل فراہم کر کے کمپنی کے پاس خود کو رجسٹرڈ کرالیں۔

شیئر ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	شیئرز کی تعداد	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کر دی جائیں گی جو اجلاس میں شرکت سے متعلق تمام مطلوبہ کوائف درج بالا کے مطابق ۲۶ اکتوبر ۲۰۲۲ء شام ۴:۳۰ بجے سے قبل فراہم کر دیں گے۔

تمام ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ کوئی بھی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک پراکسی کا تقرر کر سکتا/کر سکتی ہے، پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، موثر اہل ہونے کیلئے پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۵۵۳۰ میں اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔

شیئرز کے کسی بھی انفرادی بینیفیشل اونر کو اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپینٹ کا آئی ڈی نمبر اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے ہمراہ لانے ہوں گے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط (اگر یہ پہلے جمع نہ کرائے گئے ہوں) کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گے۔

بی۔ کتاب کی بندش

شیئر ٹرانسفر بکس ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۱ء تا ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۱ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہر طرح سے مکمل صورت میں ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۲ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل)، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو موصول ہو جائیں گے انہیں سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور بونس شیئرز کے استحقاق کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

سی۔ منافع منقسمہ کا مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) ریگولیشنز، ۲۰۱۷ کے ضابطہ ۴ کی شقوں کے مطابق کسی بھی لسٹڈ کمپنی کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ فزیکل ڈیویڈنڈ وارنٹس اجراء کرنے کی بجائے صرف الیکٹرونک طریقہ کار کے تحت براہِ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کر دے۔

مذکورہ بالا قانون پر عملدرآمد کرتے ہوئے منافع منقسمہ کو براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کی غرض سے آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.searlecompany.com پر دستیاب فارم پر اجازت نامہ ارسال کریں تاکہ وہ اس سہولت سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

ایچ۔ پوسٹل بیلٹ/ای۔ ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے مطابق کسی بھی ایجنڈا آئٹم کی منظوری کے مقصد کیلئے ممبران کو اجازت دی جائے گی کہ وہ اپنا ووٹ بذریعہ پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج شرائط کے مطابق استعمال کر سکیں۔

آئی۔ پتے کی تبدیلی

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔

جی۔ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی الیکٹرونک ترسیل

وہ ممبران جو مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.searlecompany.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر اجازت نامہ ارسال کریں تاکہ وہ اس سہولت سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ مالیاتی حسابات اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

ڈی۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق ہر ایک لسٹڈ کمپنی کے لئے یہ لازم ہے کہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک اینٹری کی صورت میں تبدیل کرے۔ لہٰذا فزیکل صورت میں شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے شیئرز کو بک اینٹری کی صورت میں منتقل کرالیں۔

ای۔ منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

موجودہ طور پر سیکشن ۱۵۰ کے ساتھ ملا کر پڑھیں فرسٹ شیڈول آف انکم ٹیکس آرڈیننس کے پارٹ-III کا ڈویژن-I کے تحت کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی شرح درج ذیل کے مطابق ہوگی:

۱۔	ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) میں موجود افراد کیلئے	۱۵ فیصد
۲۔	ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) میں موجود نہ ہونے والے افراد کیلئے	۳۰ فیصد

وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں ہیں، باوجود اس حقیقت کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے ناموں کی اے ٹی ایل پر موجودگی کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ سے ٹیکس کی کٹوتی ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

منافع منقسمہ کی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس کے استثنیٰ کی اجازت صرف اس صورت دی جائے گی اگر ٹیکس سے استثنیٰ کے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی کتاب کی بندش کے پہلے روز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دی گئی۔

ایف بی آر سے موصولہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر نیز جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی حیثیت سے ''فائلر/ نان فائلر'' ان کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر الگ الگ کیا جائے گا۔

اگر شیئرز کی ملکیت کا تناسب طے نہ کیا جا سکا تو ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر کو شیئرز کے مساوی تناسب کا حامل تصور کر لیا جائے گا اور کٹوتی اس کے مطابق کی جائے گی۔ لہٰذا مشترکہ طور پر شیئرز کے حامل تمام شیئر ہولڈرز کیلئے یہ لازم ہے کہ وہ ان کے پاس موجود شیئرز کے سلسلے میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے بارے میں رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کو تحریری طور پر درج ذیل کے مطابق مطلع کر دیں:

کمپنی کا نام	فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	مجموعی شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
			نام اور سی این آئی سی نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور سی این آئی سی نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹس کے ساتھ اپنے این ٹی این کو اپ ڈیٹ کریں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ شیئر ہولڈرز این ٹی این نمبر یا این ٹی این سرٹیفکیٹ، جیسی بھی صورت ہو، ارسال کرتے ہوئے کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز لازمی طور پر درج کریں۔

ایف۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست

ممبران لاہور اور اسلام آباد میں وڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہِ مہربانی درج ذیل فارم کو بھریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے ۱۰ روز پہلے جمع کرا دیں۔

اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اطلاع اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۱۰ روز پہلے موصول ہو گئی تو کمپنی وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام اس شہر میں کر دے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

میں/ ہم _____ سکنہ _____ بحیثیت ممبر دی سرل کمپنی لمیٹڈ کے ایک ممبر حامل _____

عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر _____ بذریعہ ہٰذا بمقام _____

وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

_____

ممبر کے دستخط

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں مکمل تفصیلات کے ساتھ آگاہ کر دے گی۔